# 1905E728

Candidate's Seat No :

**B.A. (Sem.-V) Examination**
**302 CC Urdu**
**May-2017**

**Time : 3 Hours]** **[Max. Marks : 70**

نوٹ : سوال نامے میں درج نمبر ہی جوابی پرچے میں تحریر کریں۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور اُن کے مارکس بائیں جانب درج ہیں۔

سوال : ۱ لسانیات کے مقاصد اور فوائد پر روشنی ڈالئے۔ ۱۴

یا

''زبان کی اہمیت'' پر تفصیلی نوٹ لکھئے۔

سوال : ۲ زبان کی غیر ارادی تشکیل (فطری تشکیل) کا جائزہ لیجئے۔ ۱۴

یا

زبان کی ارادی تشکیل (غیر فطری تشکیل) کے ارتقاء پر روشنی ڈالئے۔

سوال : ۳ عالمی زبانوں کے مختلف خاندان پر سیر حاصل بحث کیجئے۔ ۱۴

یا

قدیم ہند یوروپی زبانوں پر مفصل روشنی ڈالئے۔

سوال : ۴ مندرجۂ ذیل میں سے کسی ایک کا تفصیلی جائزہ لیجئے۔ ۱۴

(۱) ہند آریائی کا عہدِ جدید

(۲) ہند وسطی کی ہند آریائی

سوال : ۵ [الف] مندرجۂ ذیل میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھئے۔ ۸

(۱) زبان کی تشکیل (۲) لسانیات کی تاریخ

سوال : ۵ [ب] مندرجۂ ذیل سوالات کے جوابات دیجئے۔ (کوئی چھ) ۶

(۱) اردو کون کونسی زبانوں کی مخلوط پیداوار مانی جاتی ہے؟

(۲) مغربی ہندی میں کتنی بولیاں شامل ہیں؟

(۳) اردو زبان کا رسم الخط کیا ہے؟

(۴) ہندی کا رسم الخط کیا ہے؟

(۵) ''بانتو'' کا تعلق کن لوگوں سے ہے؟

(۶) ''نطق گویائی'' کے کیا معنی ہیں؟

(۷) ''ہندوستانی لسانیات کا خاکہ'' کس کی تصنیف ہے؟

(۸) سامی زبانیں کس پیغمبر سے منسوب ہیں؟

---پایان---

**1805E684**

Candidate's Seat No :

**B.A. (Sem.-V) Examination**
**301 CC Urdu**
**May-2017**

**Time : 3 Hours]** **[Max. Marks : 70**

نوٹ : سوال نامے میں درج نمبر ہی جوابی پرچے میں تحریر کریں۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور اُن کے مارکس بائیں جانب درج ہیں۔

سوال : ۱ مندرجۂ ذیل کسی بھی دو شعراء کا تعارف پیش کیجئے۔ ۱۴

(۱) مرزا غالبؔ (۲) مومن خاں مومنؔ (۳) بہادر شاہ ظفرؔ

سوال : ۲ لکھنؤ کے پہلے دَور کے شعراء کا تعارف پیش کیجئے۔ ۱۴

یا

میر انیسؔ و مرزا دبیرؔ کی شاعری کا جائزہ لیجئے۔

سوال : ۳ فورٹ ولیم کالج سے منسوب مندرجۂ ذیل مصنفین میں سے کسی دو پر طائرانہ روشنی ڈالئے۔ ۱۴

(۱) افسوسؔ (۲) سید حیدر بخش حیدریؔ (۳) میر امنؔ

سوال : ۴ دہلی کالج کی ادبی خدمات کا مفصل جائزہ لیجئے۔ ۱۴

یا

فورٹ ولیم کالج سے غیر منسوب نثر نگاروں سے متعارف کیجئے۔

سوال : ۵ [الف] مندرجۂ ذیل میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھئے۔ ۷

(۱) اردو قواعد اور اردو لغت (۲) خواجہ حیدر علی آتشؔ

سوال : ۵ [ب] مندرجۂ ذیل سوالات کے جوابات دیجئے۔ (کوئی سات) ۷

(۱) ''باغ و بہار'' کس فارسی تصنیف کا اردو ترجمہ ہے؟

(۲) بہادر شاہ ظفر کے استاد کون ہیں؟

(۳) جرأت کا اصل نام کیا ہے؟

(۴) فورٹ ولیم کالج کا مقصد کیا تھا؟

(۵) ''طوطا کہانی'' کا اردو ترجمہ کس نے کیا؟

(۶) ''پنڈت دیا شنکر نسیم'' کی شہرت کس تصنیف کی بدولت ہے؟

(۷) خطوطِ غالبؔ کے کتنے مجموعے ہیں اور کون کون سے؟

(۸) مرزا اسد اللہ خاں غالبؔ کے دو القاب لکھئے؟

(۹) اردو صرف و نحو پر لکھی گئی ''دریائے لطافت'' کس مصنف کی تصنیف ہے؟

(۱۰) پنڈت دیا شنکر نسیم کس کے شاگرد تھے؟

---پایان---

**2205E804** Candidate's Seat No :

**B.A. (Sem.-V) Examination**
**304 CC EA Urdu**
**May-2017**

**Time : 3 Hours]** **[Max. Marks : 70**

نوٹ : سوال نامے میں درج نمبر ہی جوابی پرچے میں تحریر کریں۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور اُن کے مارکس بائیں جانب درج ہیں۔

سوال : ۱ مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی ایک کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔ ۱۴

(۱) ترجمے کی اہمیت (۲) ترجمہ نگاری کی روایت

سوال : ۲ ترجمہ نگاری کے بنیادی اُصول بیان کیجیے۔ ۱۴

یا

"اصطلاحاتِ ترجمہ" پر تفصیلی نوٹ لکھیے۔

سوال : ۳ مندرجہ ذیل اقوال کا گجراتی زبان میں ترجمہ کیجیے۔ (کوئی چودہ) ۱۴

(۱) محبت روح کا گلاب ہے جو گناہ کی دھوپ سے مرجھا جاتا ہے۔

(۲) سب سے بڑی دولت عقل ہے اور سب سے بڑی مفلسی بےوقوفی ہے۔

(۳) رشتوں کی خوبصورتی ایک دوسرے کی بات برداشت کرنے میں ہے۔

(۴) اُردو زبان کا ایک عصری تقاضہ ہے کہ اس کے فروغ اور چلن کو عام کیا جائے۔

(۵) نیک کام وہ ہوتا ہے جو دوسروں کے چہرے پر مسکراہٹ بکھیر دے۔

(۶) دوستی کنول کا وہ پھول ہے جو خلوص کی جھیل میں کھلتا ہے۔

(۷) سونے کو آگ پرکھتی ہے اور انسان کو مصائب

(۸) کامیابی بازاروں میں نہیں بکتی بلکہ اپنے عزم و حوصلے اور لگن سے حاصل کرتا ہے۔

(۹) خاموشی دانا کا زیور اور احمق کا بھرم ہے۔

(۱۰) روشنی کی امید رکھو مگر امیدوں پر زندگی مت گزارو۔

(۱۱) پر خلوص دعاؤں جیسا کوئی اور تحفہ نہیں ہے۔

(۱۲) آرزو نصف زندگی ہے اور بے حسی نصف موت

(۱۳) ہمیشہ سچ بولو تاکہ تمہیں قسم کھانے کی ضرورت ہی نہ پڑے

(۱۴) گناہ پر ندامت گناہ کو مٹا دیتی ہے اور نیکی پر غرور نیکی کو تباہ کر دیتا ہے۔

(۱۵) موت کو ہمیشہ یاد رکھو لیکن موت کی آرزو کبھی نہ کرو۔

(۱۶) دوست کو دولت کی نگاہ سے مت دیکھو، وفا کرنے والے دوست اکثر غریب ہوتے ہیں۔

(۱۷) دنیا میں سب سے مشکل کام اپنی اصلاح کرنا اور آسان کام دوسروں پر تنقید کرنا ہے۔

(P.T.O)

سوال : ۴ اردو ادب میں خطوط نویسی کا مختصر جائزہ لیجئے۔ ۱۴

یا

فن رپورتاژ کی خصوصیات بیان کیجئے۔

سوال : ۵ مندرجۂ ذیل میں سے کسی دو (۲) عنوان پر مختصر نوٹ لکھئے۔ ۱۴

(۱) اردو صحافت

(۲) ترجمہ نگاری کے نقائص

(۳) ترجمے کی قسمیں

(۴) ترجمے کی اہمیت

---پایان---

1/43

**2305E840**

Candidate's Seat No :

**B.A. (Sem.-V) Examination**
**CC 305 Urdu**
**May-2017**

**Time : 3 Hours]** **[Max. Marks : 70**

نوٹ : سوال نامے میں درج نمبر ہی جوابی پرچے میں تحریر کریں۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور اُن کے مارکس بائیں جانب درج ہیں۔

سوال : ۱ کلاسکی ادب کا مفہوم واضح کیجئے۔ ۱۴

یا

داستان کی ابتداء اور ارتقاء کا خاکہ پیش کیجئے۔

سوال : ۲ داستان گوئی کے فن پر سیر حاصل بحث کیجئے۔ ۱۴

یا

''باغ و بہار'' کے اسلوب نگارش پر تفصیلی روشنی ڈالئے۔

سوال : ۳ ''باغ و بہار'' کے اہم کرداروں سے متعارف کیجئے۔ ۱۴

یا

میرامّن کے حالاتِ زندگی پر خامہ فرسائی کیجئے۔

سوال : ۴ اردو کی اہم داستانوں کا تفصیلی جائزہ لیجئے۔ ۱۴

یا

''داستانوں میں کردار نگاری کا فقدان'' اس موضوع پر بحث کیجئے۔

سوال : ۵ (الف) مندرجۂ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مختصر نوٹ لکھئے۔ ۸

(۱) داستان کا تعارف

(۲) داستان کے عناصرِ ترکیبی

سوال : ۵ (ب) مندرجۂ ذیل سوالات میں سے کہیں چھ (۶) کے جوابات دیجئے۔ ۶

(۱) باغ و بہار کس فارسی تصنیف کا اردو ترجمہ ہے؟

(۲) عربستان میں داستان اور داستان گو کو کیا کہتے تھے؟

(۳) داستان ''فسانۂ عجائب'' کے مصنف کون ہیں؟

(۴) ملا وجہی کی داستان کا نام لکھئے۔

(۵) عطا حسین تحسین کی نثری تصنیف کا نام کیا ہے؟

(۶) ''باغ و بہار'' داستان میں پہلا درویش کہاں کا رہنے والا ہے؟

(۷) رانی کیتکی کی کہانی کس کی تصنیف ہے؟

(۸) ہندوستان کے کس داستان گو کو انگریزوں نے پھانسی پر چڑھا دیا تھا؟

(۹) اردو کی سب سے طویل داستان کونسی ہے؟

---پایان---

**2005E772** Candidate's Seat No : ____

**B.A. (Sem.-V) Examination**
**303 CC Urdu**
**May-2017**

**Time : 3 Hours]** **[Max. Marks : 70**

نوٹ ۔ سوال نامے میں درج نمبر ہی جوابی پرچے میں تحریر کریں۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور اُن کے مارکس بائیں جانب درج ہیں۔

سوال : ۱ مندرجۂ ذیل میں سے کسی ایک کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔ ۱۴

(۱) تنقید کی ادبی اہمیت

(۲) تنقید کی سماجی اہمیت

سوال : ۲ اردو ادب میں قدیم تنقید کی روایت کا جائزہ لیجیے۔ ۱۴

یا

تذکروں میں تنقید کے ابتدائی نقوش واضح کیجیے۔

سوال : ۳ مندرجۂ ذیل میں سے کنہیں دو (۲) کا تعارف پیش کیجیے۔ ۱۴

(۱) سر سید احمد خاں (۲) پنڈت برج موہن کیفی

(۳) حافظ محمود شیرانی (۴) حبیب الرحمٰن خان شیروانی

سوال : ۴ اردو ادب میں جمالیاتی تنقید کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔ ۱۴

یا

اردو میں سائنٹیفک تنقید پر تفصیلی روشنی ڈالئے۔

سوال : ۵ [الف] مندرجۂ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مختصر نوٹ لکھئے۔ ۸

(۱) تنقید کے مقاصد

(۲) تاثراتی تنقید

سوال : ۵ [ب] مندرجۂ ذیل سوالات کے جوابات دیجیے۔ ( کوئی چھ ) ۶

(۱) تنقید کی پہلی کتاب کسے تسلیم کیا گیا ہے؟

(۲) میر تقی میر کے تذکرے کا نام کیا ہے؟

(۳) ''بابائے اُردو'' کسے کہا گیا ہے؟

(۴) تنقید پر مبنی پنڈت کیفی کی تصنیف کا نام کیا ہے؟

(۵) ''مارکسی تنقید'' کا جنم داتا کسے مانا جاتا ہے؟

(۶) ''سائنٹفک تنقید'' کا علم بردار کون ہے؟

(۷) تنقید کے لغوی معنی کیا ہیں؟

(۸) نفسیاتی تنقید کا دوسرا نام کیا ہے؟

---پایان---